اس ضمن میں ریشمی رومال پکڑا کیسے گیا؟ کچھ مصدقہ اور کچھ غیر تصدیق شدہ باتیں ہیں۔ مولانا عبید اللہ سندھی کا خیال تھا کہ پشاور کے نواز خان نے مخبری کی لیکن مولانا حسین احمد مدنی کو اس سے اختلاف تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ حبیب اللہ خان اور اس کا لڑکا عنایت اللہ خان مجاہدوں کے ہر منصوبے کی انگریزوں کو باقاعدہ رپورٹ پہنچاتے تھے۔ ان لوگوں کی غدار فطرت کے سبب یہ بات خارج از امکان نہیں ہے۔ غداری کے سلسلے میں تحریک کے اکثر ارکان متفق ہیں کہ انگریزوں کے جاسوس مجاہدین کے روپ میں تحریک میں گھس گئے تھے اور کچھ لوگوں نے جان بچانے کے لیے بھی راز اگل دیے۔

من از بیگانگاں ہرگز نہ نالم
کہ بامن ہرچہ کرد آں آشنا کرد

وفیات

☆ ملک کے بزرگ عالم دین اور نامور مفتی حضرت مفتی عبد الشکور ترمذیؒ گزشتہ روز ساہیوال ضلع سرگودھا میں اسی برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ان کا شمار برصغیر کی سطح کے بزرگ علما ومشائخ میں ہوتا تھا اور انہوں نے ساری زندگی درس وتدریس اور اصلاح وافتا کی علمی ودینی مصروفیات میں بسر کی۔

☆ سپاہ صحابہ پاکستان کی سپریم کونسل کے چیئرمین اور نامور خطیب حضرت مولانا محمد ضیاء القاسمی گزشتہ روز فیصل آباد میں طویل علالت کے بعد ۶۳ برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ انہوں نے تحریک ختم نبوت' تحریک تحفظ ناموس صحابہ کرامؓ ' تحریک نفاذ شریعت اور دیگر دینی تحریکات میں سرگرم کردار ادا کیا اور تمام عمر توحید و سنت کے پرچار میں سرگرم رہے۔

☆ ٹوبہ ٹیک سنگھ کی مرکزی جامع مسجد کے خطیب مولانا سلمان عباسی گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ وہ مشترکہ دینی مقاصد کے لیے ہمیشہ سرگرم عمل رہتے تھے۔

☆ علی پور چٹھہ ضلع گوجرانوالہ کے بزرگ عالم دین حضرت مولانا محمد اسحاق کھٹانہ گزشتہ روز انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ وہ ایک بے باک اور حق گو عالم دین تھے جنہوں نے مختلف دینی تحریکات میں حصہ لیا اور قید وبند کی صعوبتیں بھی برداشت کیں اور ساری زندگی دینی خدمات میں مصروف رہے۔

☆ مولانا زاہد الراشدی کے ماموں زاد بھائی جناب محمد یونس گزشتہ دنوں پاپولر نرسری گوجرانوالہ میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

ہماری دعا ہے کہ اللہ رب العزت مرحومین کو جوار رحمت میں جگہ دیں اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق سے نوازیں۔ آمین یا الہ العالمین